© rasailojaraid.com



میں نے شاہ جی سے ان کی ایک تصویر کا ذکر کیا جو ہانگ کانگ میں میری ایک چینی کلاس فیلو نے بنائی تھی۔ تو انہوں نے فارسی کا ایک مصرع کہا کہ بازی بازی------ ترجمہ شاید ایسے تھا کہ (ہم بوڑھے لوگوں کی داڑھیوں سے کھیلو) بہرحال وہی تصویر شاہ جی کے نواسے سید محمد کفیل بخاری صاحب کو میں بھجوا چکا ہوں۔ اب تو یادیں باقی ہیں--- جب تک زندہ ہیں شاہ جی یاد آتے رہیں گے۔

سفیرِ رسالت، امیرِ شریعت

# سید عطاء اللہ شاہ بخاری

رحمتہ اللہ علیہ

سفیرِ رسالت امیرِ شریعت
خطیبِ نبوّت، امیرِ شریعت
صدائے حقیقت، امیرِ شریعت
حروفِ طریقت، امیرِ شریعت
رضا کارِ سلطانِ ختمِ نبوّت
سراپا ارادت، امیرِ شریعت
رہا فتنۂ قادیاں کے مقابل
امیرِ شریعت، امیرِ شریعت
جلاتا رہا جبر کی آندھیوں میں
چراغِ ہدایت، امیرِ شریعت
ترے سوگ میں چُپ ہیں محراب و منبر
کمالِ خطابت، امیرِ شریعت
زباں بندیوں میں بھی دیتا تھا ذوقی
اذانِ صداقت، امیرِ شریعت

علامہ ذوقی مظفر نگری

© rasailojaraid.com